3482 - فرضي اورنفلی حج کے لیے والدین کی اجازت

سوال

کیا کوئي شخص والدین کی اجازت کے بغیر حج کرسکتاہے ؟ اورکیا اس کا حج صحیح ہوگا ؟
اورکیا والدین کی اجازت کے بغیر علم حاصل کیا جاسکتا ہے ؟ اورکیا وہ دونوں گناہ گارہونگے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

والدین کوحق حاصل ہے کہ وہ نفلی حج سے روک سکتے ہیں اورایسا کرنے سے وہ گنہگارنہیں ہونگے ، لیکن والدین کویہ حق حاصل نہیں کہ وہ فرضی حج کرنے سے منع کریں اورفرضی حج کی ادائيگي سے منع کرنے پروہ گنہگارہونگے ۔

لھذا جب بیٹا والدین کی اجازت کے بغیر حج ادا کرے تواس کا یہ حج مطلقا صحیح ہوگا – اگرچہ وہ نفلی حج میں گنہگار ہوگا – اوراسی طرح اسے والدین کی اجازت کے بغیر (شرعی) علم کے حصول کے لیے سفر کی بھی اجازت ہے ۔ .